DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 30.09.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | نوجوانوں کو معیاری تعلیم کیساتھ ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا ضروری ہے، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | ترقیاتی اسکیمیں جنوری گرین بس منصوبہ اکتوبر تک مکمل کیا جائے، غیر معیاری کام کسی صورت برداشت نہیں ،سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | حکومت عوامی سہولت اور آسانی کیلئے اقدامات کررہی ہے، سردار ڈوکی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | عوامی مسائل کا حل اور پسماندہ علاقوں کی ترقی ترجیح ہے ،سردار کھیتران | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | ہر شہری تک معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی کا عہد کیا جائے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ریکوڈک پراجیکٹ معدنیات کے شعبہ کا مشعل بردار ہے، وزیر پٹرولیم | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | اکتوبر کا مہینہ کھیلوں کی سرگرمیوں کے نام کیا ہے، مینا مجید بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، میر سلیم کھوسہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بوستان اکنامک زون خطے کی تقدیر بدلنے میں کردار ادا کرے گا، کمشنر کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان ہائی کورٹ کا گیس کی طویل لوڈشیڈنگ پر اظہار برہمی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | مختلف اضلاع میں انتظامیہ اور اینٹی نارکوٹکس فورس کا منشیات کے خلاف آپریشن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | لورالائی پولیو مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ضلعی کمیٹی کا اجلاس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان اسمبلی مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے از سر نو جائزے، تمپ اور مند کو ضلع بنانے کی قرار دادیں منظور | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | سنگین قومی معاشی مسائل کے حل کی خاطر مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہو چکی، اصغر اچکزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بلوچستان کے قومی حقوق کا تحفظ یقینی بنانا جائے، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان عوامی پارٹی صوبائی حکومت کی اہم اتحادی ہے، دھنیش کمار | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | لاکھوں افراد ذریعہ معاش بارڈر سے وابستہ ہے قادر لونی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | بارڈر بند کر کے مسائل نہ پیدا کئے جائیں، جان محمد بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | بلوچستان حکومت میں ہمیں زبردستی اتحادی بنایا گیا ہے، نواب چنگیز مری | جنگ ودیگر اخبارات |

**امن وامان:**

قلات نیشنل ہائی وے پر حادثہ دو لیویز اہلکار زخمی، کوئٹہ سریاب روڈ سے لاش برآمد، پنجگور میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے شہری جان بحق، جیونی میں فائرنگ کا واقعہ ایک شخص جاں بحق، نوشکی پولیس کی کارروائیوں میں اسلحہ منشیات اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

**عوامی مسائل:**

شہری کی طرح نواحی علاقوں میں بھی ترقیاتی کام کرائے جائیں، شہریوں کی اپیل

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 30.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان بورڈ میں کرپشن اور ریکارڈ ٹیمپرنگ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات حقیقت پرمبنی ہے بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ ایک باوقار اور بڑی اہمیت کا حامل ادارہ ہے اس میں میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے ہونیوالے امتحانات کے نتائج مرتب کیے جاتے ہیں اور ان امتحانات میں کامیاب ہونے والے طلباء وطالبات ملک کے مستقبل کی بھاگ دوڑ سنبھالتے ہیں ان میں سیاستدان، بیوروکریٹ اور دیگر شعبوں میں خدمات انجام دینے والے ہوں سب کی بنیادیہی ادارہ ہے۔ اگر اس ادارے میں کرپشن، ریکارڈ ٹیمپرنگ اور نتائج میں ردوبدل والے معاملے ہوں تو اس کے نتائج بڑے خطرناک برآمد ہوتے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے۔ گذشتہ روز اینٹی کرپشن بلوچستان نے کرپشن اور ریکارڈ ٹیمپرنگ میں ملوث بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے آئی ٹی ونگ کے 2 ملازمین کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان اینٹی کرپشن بلوچستان کے مطابق اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کو قابل اعتماد انٹیلی جنس اطلاعات موصول ہوئیں کہ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے بعض افسران اہلکار کرپشن، اختیارات کے ناجائز استعمال اور امتحانی ریکارڈ میں غیر قانونی ردوبدل میں ملوث ہیں۔ بدعنوانیاں بالخصوص ہائر سیکنڈری سکو سکول ٹرملکیٹ اور ضمنی امتحانات 2024ء کے نتائج میں کی گئیں۔ تحقیقات سے انکشاف ہوا ہے کہ امیدواروں کے نمبروں میں غیر قانونی تبدیلی، ڈی ایم سی میں ردوبدل اور آئی ٹی سسٹم تک بے جا رسائی کے ذریعے مبینہ طور پر مالی فوائد اقرباپروری اور دیگر ذاتی مفادات کیلئے کیے گئے۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Balochistan's growing security crisis" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**بلوچستان میں امن وامان کی صورت حال انتہائی پیچیدہ** " کے عنوان سے عرفان رانا کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated 30 SEP 2025 Page No. 1


## نوجوانوں کو معیاری تعلیم کیساتھ ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا ضروری ہے، گورنر

**معذور افراد اور ٹرانسجینڈرز کو سہولیات اور مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا ضروری ہے تاکہ وہ تیزی سے بدلتی ڈیجیٹل دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کے قابل بن سکیں۔ میڈیا لٹریسی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے واقفیت ایک دوسرے سے لازم و ملزوم تصورات ہیں۔ اس ضمن میں انڈیویجول لینڈز کی جانب سے ابھرتے ہوئے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، جدید مہارتیں سکھانے اور کیریئر کے انتخاب کے حوالے سے ان کو فکری رہنمائی کے مواقع تک رسائی حاصل کرنے کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں انڈیویجول لینڈز کے پروگرام منیجر سیف اللہ کھوسو کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ تمام معاشی و معاشرتی سرگرمیوں میں نوجوانوں کی شرکت و شمولیت کو پالیسی سازی کا لازمی حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، ایک سوال کے جواب میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ معذور افراد اور ٹرانسجینڈرز بھی ہمارے سماج کا حصہ ہیں، ان کو بنیادی سہولیات اور ضروری مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، وفد نے گورنر بلوچستان اپنے درپیش مشکلات اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا، گورنر نے ان کے مسائل کو غور سے سنا اور کے حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔


MASHRIQ QUETTA


# نوجوانوں کو ڈیجیٹل دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کے قابل بنایا جائے، گورنر بلوچستان

**میڈیا لٹریسی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے واقفیت ایک دوسرے سے لازم و ملزوم تصورات ہیں، جعفر خان مندوخیل**

**معذور افراد اور ٹرانسجینڈرز بھی ہمارے سماج کا حصہ، ان کو بنیادی سہولیات اور مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے**

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانا ضروری ہے تاکہ وہ تیزی سے بدلتے ڈیجیٹل دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کے قابل بن سکیں۔ میڈیا لٹریسی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے واقفیت ایک دوسرے سے لازم و ملزوم تصورات ہیں۔ اس ضمن میں انڈیویجول لینڈز کی جانب سے ابھرتے ہوئے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، جدید مہارتیں سکھانے اور کیریئر کے انتخاب کے حوالے سے ان کو فکری رہنمائی کے مواقعوں تک رسائی حاصل کر.......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

نے کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں انڈیویجول لینڈز کے پروگرام منیجر سیف اللہ کھوسو کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ زیر اہتمام "گورنرز یوتھ پروگرام" کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ تمام معاشی و معاشرتی سرگرمیوں میں نوجوانوں کی شرکت و شمولیت کو پالیسی سازی کا لازمی حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ معذور افراد اور ٹرانسجینڈرز بھی ہمارے سماج کا حصہ ہیں۔ ان کو بنیادی سہولیات اور ضروری مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے اب ایک معذور شخص بھی لاکھوں لوگوں کی مدد اور خدمت کر سکتا ہے۔ وفد نے گورنر بلوچستان اپنے درپیش مشکلات اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ان کے مسائل کو غور سے سنا اور کے حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔


CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 | منگل 6 ربیع الثانی 1447ھ 30 ستمبر 2025ء | نمبر 267

"مائنز اینڈ منرل ایکٹ پر عملدرآمد روک دیا، اپوزیشن لیڈر سمیت ان دوستوں کو بھی دعوت دی ہے جن کی نمائندگی اسمبلی میں نہیں وہ آئیں اور اس بل پر رائے دیں"

# ترقیاتی سکیمیں جنوری، گرین بس منصوبہ اکتوبر تک مکمل کیا جائے، غیر معیاری کام کسی صورت برداشت نہیں، سرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس میں ورکنگ ویمن کیلئے آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کرنے کا بھی فیصلہ، چیف منسٹر پی ایم اسکیو ڈویلپمنٹ پروگرام اور بلوچستان اسمبلی میں بھی وزیر اعلیٰ کا خطاب

کوئٹہ (ٹ ن / اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز شریک ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو جاری منصوبوں کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں میں سست روی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں پر برہمی کا اظہار کیا اور ہدایت دی کہ تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گرین بس منصوبے کی توسیع پر کام تیزی سے جاری ہے اور نئی گرین بسوں کی خریداری مکمل ہو چکی ہے جو اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں کراچی پورٹ پہنچ جائیں گی وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ گرین اور پنک بس منصوبوں کو اکتوبر میں ہر صورت مکمل کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ورکنگ ویمن کے لیے آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ نے آئندہ بجٹ کے حوالے سے ہدایت دی کہ مئی تک تمام مجوزہ اسکیموں کی ٹیکنیکل اپروول مکمل کر لی جائے تاکہ بجٹ سازی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو اور منظور شدہ اسکیمیں بجٹ کا حصہ بنائی جا سکیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کو ہدایت کی ہے کہ صوبے کے تمام ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے جائزہ لے کر جاری اسکیموں کی مؤثر اکاؤنٹیبلٹی یقینی بنائی جائے پیر کو پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس کے دوران انسپکشن ٹیم کی جانب سے پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے غیر معیاری اور ادھوری اسکیموں پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے، اور ناقص و غیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے انتباہ کیا کہ غیر معیاری اسکیموں کے ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، اور جوابدہی کے عمل کو مزید سخت اور شفاف بنایا جائے گا۔

## بلوچستان: پرنس فہد اسپتال دالبندین کا مسودہ قانون قائمہ کمیٹی کے سپرد

شرم ہیچری فارم پر قبضہ ختم کرا کے کام مکمل کیا جائیگا، پارلیمانی سیکرٹری فشریز کی یقین دہانی

صوبے میں رکے ہوئے منصوبوں کی جانچ پڑتال کیلئے کمیٹی بنا دی ہے، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پرنس فہد اسپتال دالبندین کا مسودہ قانون قائمہ کمیٹی کے سپرد، تحصیل جیونی میں ہیچری فارم منصوبے کی تکمیل سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا، پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ ماہی گیری سے استفسار کیا کہ تحصیل جیونی کے مقام اورقار میں دس سال سے شرم ہیچری فارم پر فشریز ڈویلپمنٹ بورڈ کی جانب سے تعمیراتی کام جاری ہے جس پر اب تک 90 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، فارم کی تعمیر کا کام کب تک مکمل کیا جائے گا، نیز مذکورہ فارم کو مکمل فعال بنانے کی بابت محکمہ فشریز نے اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس فارم پر قبضہ کیا گیا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری فشریز برکت رند نے ہدایت الرحمٰن بلوچ کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ شرم ہیچری فارم پر قبضہ ختم کرا کے فارم کا کام مکمل کیا جائے گا۔ چیئرپرسن آف پینل آف چیئرپرسنز کے رکن رحمت صالح بلوچ نے پارلیمانی سیکرٹری کی یقین دہانی پر توجہ دلاؤ نوٹس نمٹانے کی رولنگ دی۔ وقفہ سوالات میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور محکمہ پی ایچ ای ڈی اے سے متعلق سوالات کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں رکے ہوئے منصوبوں کی جانچ پڑتال کے لئے کمیٹی بنائی ہے جس کی سربراہی چیف سیکرٹری کر رہے ہیں، اسکیموں کی جانچ پڑتال کر کے ان کو شروع کریں گے جو اسکیمیں تکمیل کے قریب ہیں انہیں مکمل کیا جائے گا بعد ازاں وقفہ سوالات بھی نمٹا دیا گیا۔

## پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس، اتحادی جماعتوں کا وزیر اعلیٰ پر اظہار اعتماد

ترقیاتی پروگرام میں شفافیت اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (ٹ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کو صوبائی ترقیاتی پروگرام سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبے بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ترقیاتی عمل کو مزید شفاف اور مؤثر بنانے پر مشاورت کی گئی پارلیمانی کمیٹی میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کے نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اتحادی جماعتوں کے اراکین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ولولہ انگیز قیادت میں صوبے میں ترقی کا نیا دور شروع ہوا ہے اور حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات سے صوبے میں مثبت تبدیلیاں سامنے آ رہی ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی پی ایس ڈی پی پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITA

نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلو

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر بیگم سید ممتاز احمد

| جلد 54 | منگل 06 ربیع الثانی 1447ھ 30 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 85 |
|---|---|---|
| رجسٹرڈ BC-m-11 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے |


# بلوچستان اسمبلی سپریم ادارہ ہے، فیصلے ایوان کے اندر ہونے چاہئیں، وزیراعلیٰ

**مخلوط حکومت کا آغاز ہی سے یہ موقف رہا ہے کہ بلوچستان کے معاملات پر ہمیشہ وسیع تر اتفاق رائے پیدا کیا جائے**

**انسان سے پڑھنے یا سمجھنے کی غلطیاں ہو سکتی ہیں بدقسمتی سے منرلز اینڈ مائنز بل کو سیاسی رنگ دینے کی کوشش کی گئی**

**مائنز اینڈ منرلز بل کو متفقہ قرارداد کی صورت میں منظور کیا جائے گا تاکہ عوام کی امنگوں اور اجتماعی اتفاق رائے کی عکاسی ہو**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہماری مخلوط حکومت کا آغاز ہی سے یہ موقف رہا ہے کہ بلوچستان کے معاملات پر ہمیشہ وسیع تر اتفاق رائے پیدا کیا جائے یہ ہدایات ہمیں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے بھی حاصل ہیں کہ......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے کے اہم مسائل پر سیاسی جماعتوں اور اپوزیشن کے ساتھ مل کر متفقہ لائحہ عمل اختیار کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جب منرلز اینڈ مائنز بل بلوچستان اسمبلی میں آیا تو ہم نے اپوزیشن اور حکومتی اراکین کو ساتھ بٹھا کر کمیٹی میں بھجوایا جہاں تفصیلی غور و خوض ہوا سی ایم ہاؤس میں بھی اس پر شق وار بحث کی گئی جس میں متعلقہ انجمنوں اور ماہرین کو بھی شامل کیا گیا تاکہ ایک جامع اتفاق رائے تشکیل دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ انسان سے پڑھنے یا سمجھنے کی غلطیاں ہو سکتی ہیں لیکن بدقسمتی سے بعض عناصر نے اسے سیاسی رنگ دینے کی کوشش کی ہمارا موقف واضح ہے کہ بلوچستان اسمبلی ایک سپریم ادارہ ہے اور فیصلے اسی ایوان کے اندر ہونے چاہئیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے ایک بار پھر اپوزیشن کے دوستوں، اپوزیشن لیڈر سمیت حتیٰ کہ ان جماعتوں کو بھی دعوت دی ہے جو اسمبلی میں موجود نہیں کہ وہ آکر اس بل پر اپنی رائے دیں اور مل کر اتفاق رائے قائم کرنے کی کوشش کریں اگر کسی شق پر اپوزیشن یا دیگر جماعتوں کو اعتراض ہے تو ہم اسے بہتر بنانے کے لیے تیار ہیں اور اگر حکومت کے دلائل سے وہ قائل ہو جائیں تو بھی یہ جمہوری عمل کا حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن اور سپیکر اسمبلی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی میں مثبت ماحول فراہم کیا گیا جس کے نتیجے میں یہ طے پایا کہ بل کو مشترکہ قرارداد کی شکل دی جائے اس سلسلے میں اسمبلی سیکرٹریٹ ہماری رہنمائی کرے گا تاکہ آئندہ اس بل کو دوبارہ ایوان میں لا کر متفقہ طور پر منظور کیا جا سکے

# عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے، وزیراعلیٰ

**ناقص و غیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کو ہدایت کی ہے کہ صوبے کے تمام ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے ........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

جائزہ لے کر جاری اسکیموں کی موثر اور شفافیت یقینی بنائی جائے پیر کو پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس کے دوران سی ایم آئی ٹی کی جانب سے پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے بعض غیر معیاری اور ادھوری اسکیموں پر شدید برہمی کا اظہار کیا وزیراعلیٰ نے واضح الفاظ میں کہا کہ عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے، اور ناقص و غیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔

# وزیراعلیٰ کی ترقیاتی منصوبے مکمل کرنیوالے اداروں کی تعریف

**محکموں کو جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت**

**بلوچستان کے عام آدمی کی مشکلات کم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

شکیل قادر خان اور تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز شریک ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو جاری منصوبوں کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی وزیراعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے والے محکموں کو سراہا جبکہ سست روی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں پر برہمی کا اظہار کیا انہوں نے واضح ہدایت دی کہ تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات بروقت پہنچ سکیں اجلاس کو بتایا گیا کہ گرین بس منصوبے کی توسیع پر کام تیزی سے جاری ہے اور نئی گرین بسوں کی خریداری مکمل ہو چکی ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے قبل اراکین کے ساتھ گفتگو کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی ترقیاتی پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد


# نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے، سرفراز بگٹی

**یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے**

**حکومت با اعتماد اداروں اور فرمز کے اشتراک سے پروگرام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کو چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پروگرام کی پیش رفت، وسعت اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ انہیں نہ صرف ملک بلکہ بین الاقوامی معیار کے مطابق روزگار کے مواقع میسر آ سکیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ........

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

ہیں اور انہیں ہنر مند اور بااختیار بنا کر صوبے کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت با اعتماد اداروں اور فرمز کے اشتراک سے پروگرام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوان بیرون ملک روزگار حاصل کر کے اپنی اور صوبے کی معیشت کو مستحکم کر سکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کر کے ان کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے جائیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام صرف ایک تربیتی منصوبہ نہیں بلکہ نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور بلوچستان کی معاشی خوشحالی کا ضامن ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے لیے ٹیکنیکل اور پروفیشنل ٹریننگ کے مزید مواقع فراہم کرنے اور موجودہ پروگراموں میں بہتری لانے کے لیے پرعزم ہے اجلاس کے دوران اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان کے ہنر مند نوجوان مستقبل کے معاشی منظرنامے میں نہ صرف صوبے بلکہ ملک کی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کریں گے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ پروگرام کے تمام پہلوؤں پر جامع نگرانی کی جائے تاکہ اس کے ثمرات براہ راست نوجوانوں تک پہنچ سکیں اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

CL
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBL
RELATIONS BALOCHS

نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلوچ

es
BTimes_pk
447

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر سی پی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات 6
www.dailyintekhab.pk
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | منگل 30 ستمبر 2025ء، بمطابق 6 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 267

بلوچستان اسمبلی

# سب ڈویژن تمپ اور تحصیل مند پر مشتمل نئے ضلع کی قرارداد منظور

15 دن میں مائنز اینڈ منرل بل اتفاق رائے سے منظور ہوگا، سرفراز بگٹی

مائنز اینڈ منرل ایکٹ کا ازسرنو جائزہ لینے کی قرارداد بھی مشترکہ طور پر منظور کرلی گئی، جیوانی میں شرم ہچری فارم سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا، قانون سازی اتفاق رائے سے ہوگی، وزیراعلیٰ کا اسمبلی میں اظہار خیال

تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل یقینی بنائیں، گرین اور پنک بس منصوبوں کو اکتوبر میں مکمل کرنے کی ہدایت، ورکنگ ویمن کو آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس دیں گے، پی ایس ڈی پی اجلاس سے میر سرفراز بگٹی کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اسمبلی نے مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے ازسرنو جائزے، مکران کے علاقوں سب ڈویژن تمپ اور تحصیل مند پر مشتمل ایک نئے ضلع سے متعلق قراردادیں منظور کرلیں، جیوانی میں شرم ہچری فارم سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس متعلقہ پارلیمانی سیکرٹری کی یقین دہانی پر نمٹا دیا گیا۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس پیر کو پینل آف چیئرمین کے رکن رحمت صالح بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے پرنس فہد ہسپتال واحد مین کا مسودہ قانون ایوان میں پیش کیا جس پر رکن اسمبلی شاہدہ رؤف نے کہا کہ حکومت نے وطیرہ بنالیا ہے کہ مسودہ قانون قائمہ کمیٹی کو بھجوانے کے بجائے فوراً منظور

بقیہ نمبر36 صفحہ 5 پر

کرنے کی کوشش کرری ہے۔ جس پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ میں نے پہلے بھی یہ ہدایت کی ہے کہ مسودہ قانون کو قائمہ کمیٹی کو بھجوایا جائے اس مسودہ قانون کو قائمہ کمیٹی کو بھجوایا جائے۔ جس پر چیئرمین نے پرنس فہد ہسپتال واحد مین کا مسودہ قانون قائمہ کمیٹی کے سپرد کردیا۔ اجلاس میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات سے متعلق سوالات موخر اور محکمہ پی ڈی اے سے متعلق سوالات کے جواب جوابات دیے گئے۔ رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے شرم ہچری فارم کی تعمیر کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ برائے محکمہ ماہی گیری کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروانا چاہتے ہیں کہ تحصیل جیوانی کے مقام پر گذشتہ دس سالوں سے "شرم ہچری فارم" پر فشریز ڈویلپمنٹ بورڈ کی جانب سے تعمیراتی کام جاری ہے۔ جس پر اب تک 90 فیصد کام مکمل ہوچکا ہے۔ لہٰذا "شرم ہچری فارم" سے تعمیر کے کام کو کب تک مکمل کیا جائے گا۔ نیز مذکورہ فارم کو مکمل فعال بنانے کی بابت محکمہ فشریز نے اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس فارم پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ جس پر پارلیمانی سیکرٹری فشریز برکت علی رند نے جواب دیا کہ میں اس پر قبضہ ختم کروں گا اور اس فارم کو مکمل کراوں گا۔ اجلاس میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اصغر علی ترین نے ایوان میں مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے ازسرنو جائزے کے حوالے سے قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، میر رحمت صالح بلوچ، انجینئر زمرک خان اچکزئی، مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، میر جہانزیب مینگل، خیر جان بلوچ، میر غلام دستگیر بادینی، اور فضل قادر مندوخیل کی مشترکہ قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہوکہ کہ حال ہی میں بلوچستان صوبائی اسمبلی سے پہلی دفعہ بلوچستان مائنز اینڈ منرل ایکٹ اسمبلی سے پاس ہوا۔ جس پر کئی سیاسی جماعتوں کے اعتراضات اور خدشات سامنے آئے۔ جن کو مدنظر رکھ کر یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ بلوچستان مائنز اینڈ منرل ایکٹ کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور اس بابت تمام خدشات دور کیے جائیں۔ نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز پہلے بھی صوبے کے پاس تھا مائنز اینڈ منرل پر اختیار اب بھی صوبے کے پاس ہے پچھلا ایکٹ میں 50 کروڑ سے زیادہ معدنیات کا فیصلہ وفاق کو دیا گیا تھا بعدازاں اس ایوان نے قرارداد کو اتفاق رائے سے منظور کرلیا ۔۔ اجلاس میں مشیر کھیل مینا مجید نے ارکان اسمبلی میر محمد اصغر رند اور برکت علی کی سب ڈویژن تمپ اور تحصیل مند پر مشتمل ضلع کے قیام کے حوالے سے قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہر گاہ کہ ضلع کیچ کی کل آبادی تقریباً 14 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے جو ضلع کوئٹہ کے بعد بلوچستان کا سب سے زیادہ آبادی والا ضلع بن چکا ہے۔ ضلع کیچ کی جغرافیائی حدود تمپ سے لے کر ایران بارڈر تک پھیلی ہوئی ہے جس کی لمبائی تقریباً 350 کلومیٹر پر محیط ہے۔ سب ڈویژن تمپ جس کی آبادی 3 لاکھ 50 ہزار سے تجاوز کرچکی ہے جبکہ تحصیل مند اور ردیگ بھی ضلعی ہیڈکوارٹر تربت سے 150 کلومیٹر کی مسافت پر واقع ہے۔ ان علاقوں سے ضلعی ہیڈکوارٹر سے فاصلہ زیادہ ہونے کے باعث وہاں کے عوام کو صحت، تعلیم، سڑکوں کی عدم دستیابی اور امن وامان کے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ ان مسائل کی نوعیت وقتی نہیں بلکہ مستقل اور بنیادی ہے۔ جس سے عام شہریوں کو زندگی شدید متاثر ہورہی ہے۔ لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ سب ڈویژن تمپ اور تحصیل مند جو آبادی اور انتظامی طور تمام مطلوبہ معیار پر پورا اترتے ہیں پر مشتمل ایک نیا ضلع بنانے کی بابت عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔ تاکہ وہاں کے عوام کو تعلیم صحت، سڑکوں اور امن وامان کے مسائل کا مستقل بنیادوں پر حل فراہم کیا جاسکے۔ مزید یہاں اس نئے ضلع کے قیام سے نہ صرف انتظامی امور میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر ہوں گی۔ اے این پی کے رکن انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ ہم کہتے ہیں صوبے میں دس مزید اضلاع بنائے جائیں کوئٹہ میں دو سے تین اضلاع بنائے جائیں۔ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا کہ ضلع کیچ کوئٹہ کے بعد دوسرا بڑا ضلع ہے میں اس ضلع کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کی حمایت کرتا ہوں ایک بات یہ ضرور ہے اگر اسی طرح ضلع بناتے رہے تو صوبے میں 51 اضلاع بن جائیں گے۔ صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ میرے حلقے میں بھی دو اضلاع بنائے جائیں میری تجویز ہے کہ اضلاع بنانے کیلئے ایک کمیٹی بنائی جائے جو اضلاع تشکیل پر غور کرے بعدازاں بلوچستان اسمبلی نے سب ڈویژن تمپ اور تحصیل مند پر مشتمل ضلع کے قیام کے حوالے سے قرارداد منظور کرلی۔ اجلاس میں رکن اسمبلی زابد ریکی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دانش اسکول منصوبے سے واشک کا نام نکالنا افسوسناک ہے۔ جس پر وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ یہ منصوبہ وفاق کا ہے میں معلوم کروں گی کہ کس نے نکالا ہے۔ بعدازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 2 اکتوبر جمعرات کی سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کردیا گیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہماری مخلوط حکومت کا آغاز ہی سے یہ مؤقف رہا ہے کہ بلوچستان کے معاملات پر ہمیشہ وسیع تر اتفاق رائے پیدا کیا جائے یہ ہدایات ہمیں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے بھی حاصل ہیں کہ صوبے کے اہم مسائل پر سیاسی جماعتوں اور اپوزیشن کے ساتھ مل کر متفقہ لائحہ عمل اختیار کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جب منرل اینڈ مائنز بل بلوچستان اسمبلی میں آیا تو ہم نے اپوزیشن اور حکومتی اراکین کو ساتھ بٹھا کر کمیٹی میں بھجوایا جہاں تفصیلی غور وخوض ہوا، سی ایم ہاؤس میں بھی اس پر شق وار بحث کی گئی جس میں متعلقہ انجمنوں اور ماہرین کو بھی شامل کیا گیا تاکہ ایک جامع اتفاق رائے تشکیل دیا جاسکے انہوں نے کہا کہ انسان سے پڑھنے یا لکھنے کی غلطیاں ہوسکتی ہیں لیکن بدقسمتی سے بعض عناصر نے اسے سیاسی رنگ دینے کی کوشش کی ہماراموقف واضح ہے کہ بلوچستان اسمبلی ایک سپریم ادارہ ہے اور فیصلے اسی ایوان کے اندر ہونے چاہئیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے ایک بار پھر اپوزیشن کے دوستوں، اپوزیشن لیڈر سمیت حتیٰ کہ ان جماعتوں کو بھی دعوت دی ہے جو اسمبلی میں موجود نہیں کہ وہ آکر اس بل پر اپنی رائے دیں اور مل کر اتفاق رائے قائم کرنے کی کوشش کریں اگر کسی شق پر اپوزیشن یا دیگر جماعتوں کو اعتراض ہے تو ہم اسے بہتر بنانے کے لیے تیار ہیں اور اگر حکومت کے دلائل سے وہ قائل ہوجائیں تو بھی یہ جمہوری عمل کا حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن اور سپیکر اسمبلی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی میں مثبت ماحول فراہم کیا گیا جس کے نتیجے میں یہ طے پایا کہ بل کو مشترکہ قرارداد کی شکل دی جائے اس سلسلے میں اسمبلی سیکرٹریٹ ہماری رہنمائی کرے گا تاکہ آئندہ اس بل کو دوبارہ ایوان میں لاکر متفقہ طور پر منظور کیا جاسکے وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ اپوزیشن کی درخواست پر مائنز اینڈ منرل ایکٹ پر عملدرآمد ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے روک دیا گیا ہے اور آئندہ 10 سے 15 روز میں اس پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی جو بھی دوست سی ایم ہاؤس آکر مشاورت کرنا چاہیں ان کے لیے دروازے کھلے ہیں چاہیں تو اسمبلی میں بیٹھ کر بھی تبادلہ خیال کیا جاسکتا ہے وفاقی نمائندے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز بھی اس عمل میں شامل ہوں گے تاکہ ہر پہلو کا احاطہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سیاست ہمیشہ مکالمے اور اتفاق رائے کی سیاست رہی ہے ہماری قائد محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کا قول ہے کہ جمہوری اقدار اور قومی ترقی صرف اتحاد اور ہم آہنگی کے ذریعے ہی ممکن ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے امید ظاہر کی کہ مائنز اینڈ منرلز سے متعلق بل کو متفقہ قرارداد کی صورت میں منظور کیا جائے گا تاکہ یہ قانون صوبے کے عوام کی امنگوں اور اجتماعی اتفاق رائے کا عکاس ہو۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی صوبائی ترقیاتی پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے اسمبلی اجلاس میں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ بات چیت کررہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 286 | منگل، 6 ربیع الثانی، 30 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# مائنز منرلز ایکٹ کے ایک ایک نکتے پر اتفاق رائے پیدا کرنا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ

غلطیاں ہم سے بھی ہو سکتی ہیں، چاہتے ہیں پورے صوبے کے اتفاق سے اس ایکٹ کو اسمبلی سے پاس کرایا جائے، سرفراز بگٹی

ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے عملدرآمد روک دیا، سیاست میں مذاکرات کے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں، اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پہلے ہی ایگزیکٹو آرڈر سے عملدرآمد روک دیا ہے، ہماری کوشش ہے کہ اس بل پر اتفاق رائے پیدا ہو اور اتفاق رائے سے ہی ایکٹ کو اسمبلی سے پاس کیا جائے، سیاست (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

(باقی صفحہ 5 نمبر 26)

میں مذاکرات کے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں، ہمارے دروازے ہر مثبت کام کیلئے کھلے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ سے متعلق قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مزید کہا کہ پہلے دن سے ہی حکومت، قیادت خاص طور پر بلاول بھٹو زرداری کی ہدایات ہیں کہ تمام معاملات یا بلوچستان کے ایشوز پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جائے، جب مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کا بل ایوان میں آیا تھا تب ہم نے اپوزیشن اور حکومت کے ساتھیوں سے مشاورت کر کے اس بل کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا اور اسمبلی نے اس بل کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں ہونے والے ایک اجلاس میں اس کے ایک ایک نکتہ پر بحث کی گئی، مائن اونرز کے نمائندے بھی موجود تھے جس کے بعد اس بل پر مکمل اتفاق رائے پیدا ہوا اور اسمبلی سے منظور کیا گیا، ہم بعد میں اس کو سیاسی ایشو بنایا گیا، صوبائی اسمبلی سپریم ادارہ ہے اس کے فیصلے ہم نے کرنے ہیں، ہم سے غلطیاں ہو سکتی ہیں ہم اس کی درستگی کر سکتے ہیں، لہٰذا اسمبلی فلور پر ایک مرتبہ پھر میں نے اپوزیشن لیڈر اور اپوزیشن کے دوستوں اور دوسری سیاسی جماعتیں جو پارلیمنٹ میں نہیں ہیں ان کو پیشکش کی کہ وہ آئیں اور ایکٹ پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کریں اس کو سامنے رکھتے ہوئے اپوزیشن نے صوبائی اسمبلی میں ایک آل پارٹیز کانفرنس طلب کی جس میں یہ فیصلہ ہوا کہ اس سلسلے میں قرارداد لائی جائے گی، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے دوستوں کی جانب سے پیش کی گئی قرارداد اس ایوان کی مشترکہ قرارداد بنائی جائے، ہم ایک ہفتہ یا دس دن میں دوبارہ اس بل کو لے کر آئیں گے بل کے ایک ایک نکتہ پر اتفاق رائے پیدا کیا جائے گا، اتفاق رائے پیدا ہونا اچھی بات ہے، ہماری کوشش ہے کہ پورے بلوچستان کا اس بل پر اتفاق رائے پیدا ہو اور اتفاق رائے کے ذریعے اس ایکٹ کو اسمبلی سے پاس کیا جائے، انہوں نے کہا کہ اس کو مشترکہ قرارداد کے طور پر پاس کیا جائے، سیکرٹری اسمبلی ہمیں اس کا قانونی طریقہ بتائیں گے کہ کس طریقے سے اس بل کو واپس لیا جا سکتا ہے، حکومت نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پہلے ہی ایگزیکٹو آرڈر سے عملدرآمد روک دیا ہے، آئندہ دس پندرہ دنوں میں اس پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔

# غیر معیاری وادھوری سکیموں پر وزیراعلیٰ کی برہمی

ناقص وغیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے

ذمہ دار افسران و ٹھیکیداروں کیخلاف کارروائی ہوگی، منصوبوں کا جائزہ لینے کی ہدایت

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر انسپیکشن ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کو ہدایت کی ہے کہ صوبے کے تمام ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے جائزہ لے کر جاری اسکیموں کی موثر اکاؤنٹیبلٹی یقینی بنائی جائے۔ پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس کے دوران (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

(باقی صفحہ 5 نمبر 18)

سی ایم آئی ٹی کی جانب سے پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے بعض غیر معیاری اور ادھوری اسکیموں پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ نے واضح الفاظ میں کہا کہ عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے، اور ناقص وغیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے انتباہ کیا کہ غیر معیاری اسکیموں کے ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، اور جوابدہی کے عمل کو مزید سخت اور شفاف بنایا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کسی کو عوامی وسائل لوٹنے یا ترقیاتی منصوبوں میں غفلت برتنے کی اجازت نہیں دے گی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

# سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

اتحادی جماعتوں کے اراکین کا وزیراعلیٰ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کے روز صوبائی ترقیاتی پروگرام سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ترقیاتی عمل کو مزید شفاف (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

(باقی صفحہ 5 نمبر 27)

اور موثر بنانے پر مشاورت کی گئی پارلیمانی کمیٹی میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کے نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ اتحادی جماعتوں کے اراکین نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ولولہ انگیز قیادت میں صوبے میں ترقی کا نیا دور شروع ہوا ہے اور حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات سے صوبے میں مثبت تبدیلیاں سامنے آ رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے، انہوں نے واضح کیا کہ شفافیت اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار


# تمام محکموں کو منظور شدہ سکیمیں جنوری تک مکمل کرنے کی ہدایت

**گرین بسوں کی تعداد بڑھائی، ورکنگ ویمنز کو آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس دی جائیں، وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر مواصلات (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز شریک ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو جاری منصوبوں کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی وزیراعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے والے محکموں کو سراہا جبکہ سست روی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں پر برہمی کا اظہار کیا انہوں نے واضح ہدایت دی کہ تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات بروقت پہنچ سکیں اجلاس کو بتایا گیا کہ گرین بس منصوبے کی توسیع پر کام تیزی سے جاری ہے اور نئی گرین بسوں کی خریداری مکمل ہو چکی ہے جو اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں کراچی پورٹ پہنچ جائیں گی وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ گرین اور پنک بس منصوبوں کو اکتوبر میں ہر صورت مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو جدید سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے گرین بسوں کی تعداد بڑھائی جائے گی جبکہ خواتین کے لیے خصوصی پنک بس سروس بھی جلد شروع کی جائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ورکنگ ویمن کے لیے آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت چاہتی ہے کہ خواتین خودمختار اور سماجی و معاشی میدان میں فعال کردار ادا کریں وزیراعلیٰ نے آئندہ بجٹ کے حوالے سے ہدایت دی کہ مئی تک تمام مجوزہ اسکیموں کی ٹیکنیکل اپروول مکمل کر لی جائے تاکہ بجٹ سازی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو اور منظور شدہ اسکیمیں بجٹ کا حصہ بنائی جا سکیں انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کی سخت نگرانی چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے ذریعے یقینی بنائی جائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عام آدمی کی مشکلات کم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے تمام محکمے عوامی خدمت کو اپنا نصب العین بناتے ہوئے فعال اور ذمہ دارانہ کردار ادا کریں۔

**نوجوان قیمتی اثاثہ، ہنرمند بنا کر صوبے کو ترقی دی جا سکتی، اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے اجلاس سے سرفراز بگٹی کا خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر ایک (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پروگرام کی پیش رفت، وسعت اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ انہیں نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی معیار کے مطابق روزگار کے مواقع میسر آ سکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں ہنرمند اور بااختیار بنا کر صوبے کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بااعتماد اداروں اور فرمز کے اشتراک سے پروگرام کو مزید موثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوان بیرون ملک روزگار حاصل کر کے اپنی اور صوبے کی معیشت کو مستحکم کر سکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کر کے ان کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام صرف ایک تربیتی منصوبہ نہیں بلکہ نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور بلوچستان کی معاشی خوشحالی کا ضامن ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے لیے ٹیکنیکل اور پروفیشنل ٹریننگ کے مزید مراکز قائم کرنے اور موجودہ پروگراموں میں جدت لانے کے لیے پرعزم ہے اجلاس کے دوران اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان کے ہنرمند نوجوان مستقبل کے معاشی منظرنامے میں نہ صرف صوبے بلکہ ملک کی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کریں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پروگرام کے تمام پہلوؤں پر جامع نگرانی کی جائے تاکہ اس کے ثمرات براہ راست نوجوانوں تک پہنچ سکیں اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECT
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No 8

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | منگل 30 ستمبر 2025، بمطابق 06 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔266

# مائنز اینڈ منرلز بل پر تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لے رہے ہیں اتفاق رائے سے قانون سازی کرینگے

سرفراز بگٹی

**جب مائنز اینڈ منرلز بل بلوچستان اسمبلی میں آیا تو ہم نے اپوزیشن اور حکومتی اراکین کو ساتھ بٹھا کر کمیٹی میں بھجوایا جہاں تفصیلی غور وخوض ہو، بدقسمتی سے بعض عناصر نے اسے سیاسی رنگ دینے کی کوشش کی ہمارا موقف واضح ہے**

**بلوچستان اسمبلی ایک سپریم ادارہ ہے اور فیصلے اسی ایوان کے اندر ہونے چاہئیں، ہم نے ایک بار پھر اپوزیشن کے دوستوں، اپوزیشن لیڈر سمیت حتیٰ کہ ان جماعتوں کو بھی دعوت دی ہے جو اسمبلی میں موجود نہیں کہ وہ آکر اس بل پر اپنی رائے دیں**

**اپوزیشن کی درخواست پر مائنز اینڈ منرل ایکٹ پر عملدرآمد ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے روک دیا گیا ہے اور آئندہ 10 سے 15 روز میں اس پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی جو بھی دوست سی ایم ہاؤس آکر مشاورت کرنا چاہیں ان کے لیے دروازے کھلے ہیں**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہماری حکومت کا آغاز ہی سے یہ موقف رہا ہے کہ بلوچستان کے معاملات پر ہمیشہ وسیع تر اتفاق رائے پیدا کیا جائے یہ ہدایات ہمیں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے بھی حاصل ہیں کہ صوبے کے اہم مسائل پر سیاسی جماعتوں اور اپوزیشن کے ساتھ مل کر مشترکہ لائحہ عمل اختیار کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جب (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

منرلز اینڈ مائنز بل بلوچستان اسمبلی میں آیا تو ہم نے اپوزیشن اور حکومتی اراکین کو ساتھ بٹھا کر کمیٹی میں بھجوایا جہاں تفصیلی غور وخوض ہوا سی ایم ہاؤس میں بھی اس پر تفصیلی بحث کی گئی جس میں متعلقہ انجمنوں اور ماہرین کو بھی شامل کیا گیا تاکہ ایک جامع اتفاق رائے سے بل لایا جا سکے انہوں نے کہا کہ انسان سے چونکہ غلطیاں ہو سکتی ہیں لیکن بدقسمتی سے بعض عناصر نے اسے سیاسی رنگ دینے کی کوشش کی ہمارا موقف واضح ہے کہ بلوچستان اسمبلی ایک سپریم ادارہ ہے اور فیصلے اسی ایوان کے اندر ہونے چاہئیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے ایک بار پھر اپوزیشن کے دوستوں، اپوزیشن لیڈر سمیت حتیٰ کہ ان جماعتوں کو بھی دعوت دی ہے جو اسمبلی میں موجود نہیں کہ وہ آکر اس بل پر اپنی رائے دیں اور مل کر اتفاق رائے قائم کرنے کی کوشش کریں اگر کسی شق پر اپوزیشن یا دیگر جماعتوں کو اعتراض ہے تو ہم اسے بہتر بنانے کے لیے تیار ہیں اور اگر حکومت کے دلائل سے وہ قائل ہو جائیں تو بھی یہ جمہوری عمل کا حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن اور اسپیکر اسمبلی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی میں مثبت ماحول فراہم کیا گیا جس کے نتیجے میں یہ طے پایا کہ بل کو مشترکہ قرارداد کی شکل دی جائے اس سلسلے میں اسمبلی سیکرٹریٹ ہماری رہنمائی کرے گا تاکہ آئندہ اس بل کو دوبارہ ایوان میں لا کر متفقہ طور پر منظور کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ اپوزیشن کی درخواست پر مائنز اینڈ منرل ایکٹ پر عملدرآمد ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے روک دیا گیا ہے اور آئندہ 10 سے 15 روز میں اس پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی جو بھی دوست سی ایم ہاؤس آکر مشاورت کرنا چاہیں ان کے لیے دروازے کھلے ہیں چاہیں تو اسمبلی میں بیٹھ کر بھی تبادلہ خیال کیا جا سکتا ہے وفاقی نمائندے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز بھی اس عمل میں شامل ہوں گے تاکہ ہر پہلو کا احاطہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سیاست ہمیشہ مکالمے اور اتفاق رائے کی سیاست رہی ہے ہماری قائد محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کا قول ہے کہ جمہوری اقدار اور قومی ترقی صرف اتحاد اور ہم آہنگی کے ذریعے ہی ممکن ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے امید ظاہر کی کہ مائنز اینڈ منرلز سے متعلق بل کو متفقہ قرارداد کی صورت میں منظور کیا جائے گا تاکہ یہ قانون صوبے کے عوام کی امنگوں اور اجتماعی اتفاق رائے کا عکاس ہو

## نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں، سرفراز بگٹی

**ہنر مند اور بااختیار بنا کر صوبے کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کو چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پروگرام کی پیش رفت، وسعت اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ (بقیہ نمبر26 صفحہ نمبر2 پر)

انہیں نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی معیار کے مطابق روزگار کے مواقع میسر آسکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں ہنر مند اور بااختیار بنا کر صوبے کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بااعتماد اداروں اور نجی شعبے کے اشتراک سے پروگرام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوان بیرون ملک روزگار حاصل کر کے اپنی اور صوبے کی معیشت کو مستحکم کر سکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کر کے ان کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام صرف ایک تربیتی منصوبہ نہیں بلکہ نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور بلوچستان کی معاشی خوشحالی کا ضامن ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے لیے ٹیکنیکل اور پروفیشنل ٹریننگ کے مزید مراکز قائم کرنے اور موجودہ پروگراموں میں جدت لانے کے لیے پرعزم ہے اجلاس کے دوران اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان کے ہنر مند نوجوان مستقبل کے معاشی منظر نامے میں نہ صرف صوبے بلکہ ملک کی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کریں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پروگرام کے تمام پہلوؤں پر جامع نگرانی کی جائے تاکہ اس کے ثمرات براہ راست نوجوانوں تک پہنچ سکیں اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

## ترقیاتی عمل کو مزید شفاف اور موثر بنائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

**منصوبوں کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ عوام جلد ترقیاتی عمل کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کے روز صوبائی ترقیاتی پروگرام سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبے بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ترقیاتی عمل کو (بقیہ نمبر25 صفحہ نمبر2 پر)

مزید شفاف اور موثر بنانے پر مشاورت کی گئی پارلیمانی کمیٹی میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کے نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اتحادی جماعتوں کے اراکین نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ولولہ انگیز قیادت میں صوبے میں ترقی کا نیا دور شروع ہوا ہے اور حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات سے صوبے میں مثبت تبدیلیاں سامنے آرہی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے واضح کیا کہ شفافیت اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ پی ایس ڈی پی کے تحت جاری منصوبے عوامی امنگوں کے عکاس ہیں اور صوبے کے ہر علاقے میں ترقیاتی ثمرات کو یقینی بنایا جائے گا اجلاس میں شرکاء نے مختلف تجاویز پیش کیں اور ترقیاتی عمل میں مزید بہتری کے لیے عملی اقدامات پر اتفاق کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ عوام جلد از جلد ترقیاتی عمل کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBL
RELATIONS BALOCHS

نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلوچ

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ

Bullet No. ۱

Page No. ۹

بروز منگل 30 ستمبر 2025ء

# غیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے، وزیراعلیٰ

## گرین اور پنک بس منصوبوں کو اکتوبر میں ہر صورت مکمل کیا جائیگا

### شہریوں کو جدید سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے گرین بسوں کی تعداد بڑھائی جائے گی، خواتین کے لیے خصوصی پنک بس سروس بھی جلد شروع کی جائے گی

### ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کی سخت نگرانی چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے ذریعے یقینی بنائی جائے گی، بلوچستان کے عام آدمی کی مشکلات کم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

کوئٹہ (غ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر (بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 2 پر)

سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز شریک ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو جاری منصوبوں کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے والے محکموں کو سراہا جبکہ سست روی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں پر برہمی کا اظہار کیا انہوں نے واضح ہدایت دی کہ تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات بروقت پہنچ سکیں اجلاس کو بتایا گیا کہ گرین بس منصوبے کی توسیع پر کام تیزی سے جاری ہے اور نئی گرین بسوں کی خریداری مکمل ہو چکی ہے جو اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں کراچی پورٹ پہنچ جائیں گی وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ گرین اور پنک بس منصوبوں کو اکتوبر میں ہر صورت مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو جدید سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے گرین بسوں کی تعداد بڑھائی جائے گی جبکہ خواتین کے لیے خصوصی پنک بس سروس بھی جلد شروع کی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ورکنگ ویمن کے لیے آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت چاہتی ہے کہ خواتین خودمختار اور سماجی و معاشی میدان میں فعال کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے آئندہ بجٹ کے حوالے سے ہدایت دی کہ مئی تک تمام مجوزہ اسکیموں کی ٹیکنیکل اپروول مکمل کر لی جائے تاکہ بجٹ سازی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو اور منظور شدہ اسکیمیں بجٹ کا حصہ بنائی جاسکیں انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کی سخت نگرانی چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے ذریعے یقینی بنائی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عام آدمی کی مشکلات کم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے تمام محکمے عوامی خدمت کو اپنا نصب العین بناتے ہوئے فعال اور ذمہ دارانہ کردار ادا کریں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کو ہدایت کی ہے کہ صوبے کے تمام ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے جائزہ لے کر جاری اسکیموں کی مؤثر مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے پیر کو پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس کے دوران سی ایم آئی ٹی کی جانب سے پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بعض غیر معیاری اور ادھوری اسکیموں پر شدید برہمی کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ نے واضح الفاظ میں کہا کہ عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے، اور ناقص و غیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے انتباہ کیا کہ غیر معیاری اسکیموں کے ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، اور جوابدہی کے عمل کو مزید سخت اور شفاف بنایا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کسی کو عوامی وسائل لوٹنے یا ترقیاتی منصوبوں میں غفلت برتنے کی اجازت نہیں دے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سی ایم آئی ٹی تمام اسکیموں کی باقاعدہ فیلڈ وزٹ کرے اور اس کا آغاز میرے اپنے حلقے ڈیرہ بگٹی سے کیا جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ مفاد عامہ اور عام آدمی کی بہبود کیلئے ہونے والے ترقیاتی عمل میں جو افسران یا ٹھیکیدار اپنے فرائض میں کوتاہی کے مرتکب پائے گئے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BA[LOCHISTAN]

نظامت اعلیٰ ... حکومت ...


روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی حاکم اللہ خان

جلد 29 | منگل 30 ستمبر 2025ء بمطابق 06 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 266


Bullet No. 1

Page No. 16

# جدید ہنر سے آراستہ کر کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے دروازے کھولے جائینگے سرفراز بگٹی

حکومت نوجوانوں کے لیے ٹیکنیکل اور پروفیشنل ٹریننگ کے مزید مراکز قائم کرنے اور موجودہ پروگراموں میں جدت لانے کے لیے پرعزم ہے

وزیراعلیٰ کی زیر صدارت چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر اجلاس، پروگرام کی پیش رفت، وسعت اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی غور وخوض

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کو چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پروگرام کی پیش رفت، وسعت اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جارہی ہے تاکہ انہیں نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی معیار کے مطابق روزگار کے مواقع میسر آسکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں ہنرمند اور بااختیار بنا کر صوبے کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بااعتماد اداروں اور فرمز کے اشتراک سے پروگرام کو مزید موثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوان بیرون ملک روزگار حاصل کر کے اپنی اور صوبے کی معیشت کو مستحکم کرسکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کر کے ان کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے جائیں گے۔

# تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں وزیراعلیٰ

شہریوں کو جدید سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے گرین بسوں کی تعداد میں اضافہ، خواتین کیلئے خصوصی پنک بس سروس بھی جلد شروع ہوگی

عام آدمی کی مشکلات کم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے تمام محکمے عوامی خدمت کو اپنا نصب العین بناتے ہوئے فعال اور ذمہ دارانہ کردار ادا کریں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز شریک ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو جاری منصوبوں کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی وزیراعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے والے محکموں کو سراہا جبکہ سست روی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں پر برہمی کا اظہار کیا انہوں نے واضح ہدایت دی کہ تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات بروقت پہنچ سکیں اجلاس کو بتایا گیا کہ گرین بس منصوبے کی توسیع پر کام تیزی سے جاری ہے اور نئی گرین بسوں کی خریداری مکمل ہوچکی ہے جو اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں کراچی پورٹ پہنچ جائیں گی وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ گرین اور پنک بس منصوبوں کو اکتوبر میں ہر صورت مکمل کیا جائے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1


روزنامہ
# زمانہ

منگل 6 ربیع الثانی 1447ھ 30 ستمبر 2025ء

Page No. 11



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی اسمبلی اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی [illegible] ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

DIRECT
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 12

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
جلد 80 | منگل 30 ستمبر 2025، 6 ربیع الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 26 روپے

# صوبے کے معاملات پر وسیع تر اتفاق رائے پیدا کرنے کے خواہاں ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

ہمیں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے بھی ہدایات حاصل ہیں کہ صوبے کے اہم مسائل پر سیاسی جماعتوں اور اپوزیشن کے ساتھ مل کر متفقہ لائحہ عمل اختیار کیا جائے

**تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات بروقت عام آدمی تک پہنچ سکیں، میر سرفراز بگٹی**

[illegible]

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

بلوچستان


Bulletin No. 1

Dated

Page No. 3

# مائنز اینڈ منرلز بل کو مشترکہ قرارداد کی صورت میں منظور کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

[illegible]



[illegible]



[illegible]



[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTO... GENERAL O... RELATIONS BA...

نظامت اعلیٰ ... حکومت

Bullet No. 1

Page No. 4

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| جلد | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت | MEMBER OF APNS | شمارہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 28 | منگل 30 ستمبر 2025ء / 6 ربیع الثانی / 1447ھ | | 15 روپے | رجسٹرڈ سی پی ایل-10 | 222 |

# وزیر اعلیٰ بعض غیر معیاری اور ادھوری اسکیموں پر شدید برہم

## عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی امانت، غیر معیاری اسکیموں کے ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، سرفراز بگٹی

## یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام صرف ایک ترقیاتی منصوبہ نہیں بلوچستان کی معاشی خوشحالی کا ضامن ہے، تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل یقینی بنائیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کو ہدایت کی ہے کہ صوبے کے تمام ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے جائزہ لے کر جاری اسکیموں کی موثر اکاؤنٹیبلٹی یقینی بنائی جائے پیر کو پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس کے دوران سی ایم آئی ٹی کی جانب سے پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بعض غیر معیاری اور ادھوری اسکیموں پر شدید برہمی کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ نے واضح الفاظ میں کہا کہ عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے، اور ناقص وغیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے انتباہ کیا کہ غیر معیاری اسکیموں کے ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، اور جوابدہی کے عمل کو مزید سخت اور شفاف بنایا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کسی کو عوامی وسائل لوٹنے یا ترقیاتی منصوبوں میں غفلت برتنے کی اجازت نہیں دے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سی ایم آئی ٹی تمام اسکیموں کی باقاعدہ فیلڈ وزٹ کرے اور اس کا آغاز میرے اپنے علاقے بیکو سے کیا جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ مفاد عامہ اور عام آدمی کی بہبود کیلئے ہونے والے ترقیاتی عمل میں جو افسران یا ٹھیکیدار اپنے فرائض میں کوتاہی کے مرتکب پائے گئے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی وزیر اعلیٰ نے کہا سی ایم آئی ٹی بغیر کسی دباؤ کے اپنے امور سرانجام دے ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے جس میں خیانت کسی صورت قابل برداشت نہیں۔

دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کو چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پروگرام کی پیش رفت، وسعت اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ انہیں نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی معیار کے مطابق روزگار کے مواقع میسر آسکیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں ہنر مند اور بااختیار بنا کر صوبے کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بااعتماد اداروں اور فرحر کے اشتراک سے پروگرام کو مزید موثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوان بیرون ملک روزگار حاصل کر کے اپنی اور صوبے کی معیشت کو مستحکم کر سکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کر کے ان کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام صرف ایک ترقیاتی منصوبہ نہیں بلکہ نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور بلوچستان [illegible] معاشی خوشحالی کا ضامن ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے لیے ٹیکنیکل اور پرو[illegible] ٹریننگ کے مزید مراکز قائم کرنے اور موج[illegible] پروگراموں میں جدت لانے کے لیے پر[illegible] ہے اجلاس کے دوران اس بات پر بھی زور دیا [illegible] کہ بلوچستان کے ہنر مند نوجوان مستقبل [illegible] معاشی منظرنامے میں نہ صرف صوبے بلکہ ملک [illegible] ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کریں گے وزیر [illegible] نے ہدایت کی کہ پروگرام کے تمام پہلوؤں [illegible] جامع نگرانی کی جائے تاکہ اس کے ثمرات [illegible] راست نوجوانوں تک پہنچ سکیں اجلاس [illegible] وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت [illegible] افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، [illegible] سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت [illegible] حکام نے شرکت کی۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز شریک ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو جاری منصوبوں کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے والے محکموں کو سراہا جبکہ ست روی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں پر برہمی کا اظہار کیا انہوں نے واضح ہدایت دی کہ تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات بروقت پہنچ سکیں اجلاس کو بتایا گیا کہ گرین بس منصوبے کی توسیع پر کام تیزی سے جاری ہے اور نئی گرین بسوں کی خریداری مکمل ہو چکی ہے جو اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں کراچی پورٹ پہنچ جائیں گی وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ گرین اور پنک بس منصوبوں کو اکتوبر میں ہر صورت مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو جدید سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے گرین بسوں کی تعداد بڑھائی جائے گی جبکہ خواتین کے لیے خصوصی پنک بس سروس بھی جلد شروع کی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ورکنگ ویمن کے لیے آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت چاہتی ہے کہ خواتین خود مختار اور سماجی و معاشی میدان میں فعال کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے آئندہ بجٹ کے حوالے سے ہدایت دی کہ مئی تک تمام مجوزہ اسکیموں کی ٹیکنیکل ارروول مکمل کر لی جائے تاکہ بجٹ سازی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو اور منظور شدہ اسکیمیں بجٹ کا حصہ بنائی جائیں انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کی سخت نگرانی چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے ذریعے یقینی بنائی جائے گی [illegible]

# CLIPPING SERVICE



Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

جلد 21 | 5.06.2025 | 1447ھ | شمارہ 169

## وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

# سپریم ادارہ فیصلے اسی ایوان کے اندر ہونی چاہئیں

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا بعض غیر معیاری اور ادھوری اسکیموں پر شدید برہمی کا اظہار





DIRECTORA
GENERAL OF P
RELATIONS BALO

نظامت ا
حکو

Bullet No. 1

Page No. 16

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمن
چیف ایڈیٹر: برکت علی
جلد 77 | منگل 30 ستمبر 2025ء 06 ربیع الثانی 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 29

# بلوچستان کے عام آدمی کی مشکلات کم کرنا اولین ترجیح ہے

## میر سرفراز بگٹی

تمام محکمے عوامی خدمت کو اپنا نصب العین بناتے ہوئے فعال اور ذمہ دارانہ کردار ادا کریں، گرین بس منصوبے کی توسیع پر کام تیزی سے جاری ہے اور نئی گرین بسوں کی خریداری مکمل ہو چکی ہے جو اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں کراچی پورٹ پہنچ جائیں گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

**صوبائی حکومت چاہتی ہے کہ خواتین خودمختار اور سماجی و معاشی میدان میں فعال کردار ادا کریں، ورکنگ ویمن کے لیے آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے، پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز شریک ہوئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم نے اجلاس کو جاری منصوبوں کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے والے محکموں کو سراہا جبکہ سست روی کا مظاہرہ کرنے والے اداروں پر برہمی کا اظہار کیا انہوں نے

واضح ہدایت دی کہ تمام محکمے جنوری تک منظور شدہ اسکیموں کی تکمیل ہر صورت یقینی بنائیں تاکہ عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات بروقت پہنچ سکیں اجلاس کو بتایا گیا کہ گرین بس منصوبے کی توسیع پر کام تیزی سے جاری ہے اور نئی گرین بسوں کی خریداری مکمل ہو چکی ہے جو اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں کراچی پورٹ پہنچ جائیں گی وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ گرین اور پنک بس منصوبوں کو اکتوبر میں ہر صورت مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو جدید سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے گرین بسوں کی تعداد بڑھائی جائے گی جبکہ خواتین کے لیے خصوصی پنک بس سروس بھی جلد شروع کی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ورکنگ ویمن کے لیے آسان اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت چاہتی ہے کہ خواتین خودمختار اور سماجی و معاشی میدان میں فعال کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ نے آئندہ بجٹ کے حوالے سے ہدایت دی کہ مئی تک تمام مجوزہ اسکیموں کی ٹیکنیکل اپروول مکمل کر لی جائے تاکہ بجٹ سازی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو اور منظور شدہ اسکیمیں بجٹ کا حصہ بنائی جا سکیں انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کی سخت نگرانی چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے ذریعے یقینی بنائی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عام آدمی کی مشکلات کم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے تمام محکمے عوامی خدمت کو اپنا نصب العین بناتے ہوئے فعال اور ذمہ دارانہ کردار ادا کریں۔

## نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں، سرفراز بگٹی

**ہنر مند اور بااختیار بنا کر صوبے کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے**

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر ایک اہم اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کو چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پروگرام کی پیش رفت، وسعت (بقیہ 27 صفحہ 2 پر)

اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے کے نوجوانوں کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ انہیں نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی معیار کے مطابق روزگار کے مواقع میسر آ سکیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں ہنر مند اور بااختیار بنا کر صوبے کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بااعتماد اداروں اور فرموں کے اشتراک سے پروگرام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوان بیرون ملک روزگار حاصل کر کے اپنی اور صوبے کی معیشت کو مستحکم کر سکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کر کے ان کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام صرف ایک تربیتی منصوبہ نہیں بلکہ نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور بلوچستان کی معاشی خوشحالی کا ضامن ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے لیے ٹیکنیکل اور پروفیشنل ٹریننگ کے مزید مراکز قائم کرنے اور موجودہ پروگراموں میں جدت لانے کے لیے پرعزم ہے اجلاس کے دوران اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان کے ہنر مند نوجوان مستقبل کے معاشی منظرنامے میں نہ صرف صوبے بلکہ ملک کی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کریں گے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ پروگرام کے تمام پہلوؤں پر جامع نگرانی کی جائے تاکہ اس کے ثمرات براہ راست نوجوانوں تک پہنچ سکیں اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

## وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی ترقیاتی پروگرام سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پیر کے روز صوبائی ترقیاتی پروگرام سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبے بھر میں (بقیہ 21 صفحہ 2 پر)

جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ترقیاتی عمل کو مزید شفاف اور مؤثر بنانے پر مشاورت کی گئی پارلیمانی کمیٹی میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کے نمائندوں نے اجلاس میں شرکت کی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اتحادی جماعتوں کے اراکین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ولولہ انگیز قیادت میں صوبے میں ترقی کا نیا دور شروع ہوا ہے اور حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات سے صوبے میں مثبت تبدیلیاں سامنے آ رہی ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے واضح کیا کہ شفافیت اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ پی ایس ڈی پی کے تحت جاری منصوبے عوامی امنگوں کے عکاس ہیں اور صوبے کے ہر علاقے میں ترقیاتی ثمرات کو یقینی بنایا جائے گا اجلاس میں شرکاء نے مختلف تجاویز پیش کیں اور ترقیاتی عمل میں مزید بہتری کے لیے عملی اقدامات پر اتفاق کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ عوام جلد از جلد ترقیاتی عمل کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔

CLIPPI

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ ت
حکومت با

روزنامہ میزان کوئٹہ

منگل 30 ستمبر 2025ء، 06 ربیع الثانی 1447ھ

ed: Page No. 17

# پیپلز پارٹی کی سیاست ہمیشہ مکالمے اور اتفاق رائے کی رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

**یہ ہدایات ہمیں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے بھی حاصل ہیں کہ صوبے کے اہم مسائل پر سیاسی جماعتوں اور اپوزیشن کے ساتھ مل کر حکمت عملی اختیار کیا جائے**

**ہماری مخلوط حکومت کا آغاز ہی سے یہ مؤقف رہا ہے کہ بلوچستان کے معاملات پر ہمیشہ وسیع تر اتفاق رائے پیدا کیا جائے، بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہماری مخلوط حکومت کا آغاز ہی سے یہ مؤقف رہا ہے کہ بلوچستان کے معاملات پر ہمیشہ وسیع تر اتفاق رائے پیدا کیا جائے یہ ہدایات ہمیں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے بھی حاصل ہیں کہ صوبے کے اہم مسائل پر سیاسی جماعتوں اور اپوزیشن کے ساتھ مل کر حکمت عملی اختیار کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس (بقیہ 3 صفحہ 2 پر)

میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جب منرلز اینڈ مائنز بل بلوچستان اسمبلی میں آیا تو ہم نے اپوزیشن اور حکومتی اراکین کو ساتھ بٹھا کر کمیٹی میں بھجوایا جہاں تفصیلی غور و خوض ہوا سی ایم ہاؤس میں بھی اس پر شق وار بحث کی گئی جس میں متعلقہ انجمنوں اور ماہرین کو بھی شامل کیا گیا تاکہ ایک جامع اتفاق رائے تشکیل دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ انسان سے پڑھنے یا سمجھنے کی غلطیاں ہو سکتی ہیں لیکن بدقسمتی سے بعض عناصر نے اسے سیاسی رنگ دینے کی کوشش کی ہمارا مؤقف واضح ہے کہ بلوچستان اسمبلی ایک سپریم ادارہ ہے اور فیصلے اسی ایوان کے اندر ہونے چاہئیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے ایک بار پھر اپوزیشن کے دوستوں، اپوزیشن لیڈر سمیت حتیٰ کہ ان جماعتوں کو بھی دعوت دی ہے جو اسمبلی میں موجود نہیں کہ وہ آکر اس بل پر اپنی رائے دیں اور مل کر اتفاق رائے قائم کرنے کی کوشش کریں اگر کسی شق پر اپوزیشن یا دیگر جماعتوں کو اعتراض ہے تو ہم اسے بہتر بنانے کے لیے تیار ہیں اور اگر حکومت کے دلائل سے وہ قائل ہو جائیں تو بھی یہ جمہوری عمل کا حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن اور سپیکر اسمبلی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی میں مثبت ماحول فراہم کیا گیا جس کے نتیجے میں یہ طے پایا کہ بل کو مشترکہ قرارداد کی شکل دی جائے اس سلسلے میں اسمبلی سیکرٹریٹ ہماری رہنمائی کرے گا تاکہ آئندہ اس بل کو دوبارہ ایوان میں لا کر متفقہ طور پر منظور کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ اپوزیشن کی درخواست پر مائنز اینڈ منرل ایکٹ پر عملدرآمد ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے روک دیا گیا ہے اور آئندہ 10 سے 15 روز میں اس پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی جو بھی دوست سی ایم ہاؤس آکر مشاورت کرنا چاہیں ان کے لیے دروازے کھلے ہیں چاہیں تو اسمبلی میں بیٹھ کر بھی تبادلہ خیال کیا جا سکتا ہے وفاقی نمائندے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز بھی اس عمل میں شامل ہوں گے تاکہ ہر پہلو کا احاطہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سیاست ہمیشہ مکالمے اور اتفاق رائے کی سیاست رہی ہے ہماری قائد محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کا قول ہے کہ جمہوری اقدار اور قومی ترقی صرف اتحاد اور ہم آہنگی کے ذریعے ہی ممکن ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے امید ظاہر کی کہ مائنز اینڈ منرلز سے متعلق بل کو متفقہ قرارداد کی صورت میں منظور کیا جائے گا تاکہ یہ قانون صوبے کے عوام کی امنگوں اور اجتماعی اتفاق رائے کا عکاس ہو

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا غیر معیاری اور ادھوری سکیموں پر اظہار برہمی

**عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے، اور ناقص و غیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے، کارکردگی رپورٹ پر اظہار خیال**

**غیر معیاری اسکیموں کے ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، اور جوابدہی کے عمل کو مزید سخت اور شفاف بنایا جائے گا، پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کو ہدایت کی ہے کہ صوبے کے تمام ترقیاتی منصوبوں کا باریک بینی سے جائزہ لے کر جاری اسکیموں کی مؤثر اکاؤنٹیبلٹی یقینی بنائی جائے پیر کو پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس کے دوران سی ایم آئی ٹی کی جانب سے پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے بعض غیر معیاری اور ادھوری اسکیموں پر شدید (بقیہ 33 صفحہ 7 پر)


برہمی کا اظہار کیا وزیراعلیٰ نے واضح الفاظ میں کہا کہ عوامی فنڈز کی ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے، اور ناقص و غیر معیاری منصوبے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے انتباہ کیا کہ غیر معیاری اسکیموں کے ذمہ دار افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، اور جوابدہی کے عمل کو مزید سخت اور شفاف بنایا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کسی کو عوامی وسائل لوٹنے یا ترقیاتی منصوبوں میں غفلت برتنے کی اجازت نہیں دے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سی ایم آئی ٹی تمام اسکیموں کی باقاعدہ فیلڈ وزٹ کرے اور اس کا آغاز میرے اپنے علاقے ڈیرہ بگٹی سے کیا جائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ مفاد عامہ اور عام آدمی کی بہبود کیلئے ہونے والے ترقیاتی عمل میں جو افسران یا ٹھیکیدار اپنے فرائض میں کوتاہی کے مرتکب پائے گئے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا سی ایم آئی ٹی بغیر کسی دباؤ کے اپنے امور سرانجام دے ایک ایک پائی عوام کی امانت ہے جس میں خیانت کسی صورت قابل برداشت نہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چیف منسٹر [illegible] ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی ترقیاتی پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



[illegible]

# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1234 QUETTA Tuesday September 30, 2025 / Rabi' al-Thani 06, 1447


# Bugti sets January deadline for project completion, prioritizes public welfare



Staff Report

QUETTA: Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfaraz Bugti, has issued a firm directive to all provincial departments to complete approved development schemes by January 2026, ensuring timely delivery of public welfare initiatives.

The announcement came during a high-level meeting at the Chief Minister's Secretariat focused on the implementation of the Public Sector Development Program (PSDP).

The meeting was attended by key provincial leaders including Planning and Development Minister Mir Zahoor Ahmed Buledi, Communication and Works Minister Mir Saleem Khan Khosa, Education Minister Raheela Hameed Khan Durrani, Chief Secretary Shakeel Qadir Khan, and administrative secretaries from all departments. Additional Chief Secretary Zahid Saleem provided a detailed briefing on the status of ongoing projects.

CM Bugti commended departments that demonstrated swift progress but expressed dissatisfaction with those lagging behind. He emphasized that the Chief Minister's Inspection Team will oversee the prompt execution and quality assurance of all development schemes.

"Reducing the difficulties faced by the common person in Balochistan is the government's top priority," said CM Bugti. "All departments must adopt public service as their mission and play an active and responsible role."

CM Sarfraz Bugti directed that both projects be completed by October. New buses for the Green Bus scheme have already been procured and are expected to arrive at Karachi Port in the second week of October.

The Green Bus fleet will be expanded to improve urban mobility, while the Pink Bus Service will be launched to provide safe and dedicated transport for women.

In a move to promote economic independence, CM Sarfraz Bugti announced a plan to provide electric bikes to working women on easy installment terms. "We want women to be self-reliant and actively contribute to the social and economic sectors," he added.

The CM instructed that all proposed schemes for the upcoming fiscal year must secure technical approval by May, ensuring their timely inclusion in the budget.

Moreover, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has directed the Chief Minister's Inspection Team (CMIT) to intensify oversight of all ongoing development projects across the province, ensuring effective accountability and strict adherence to quality works.

The directive was issued during a high-level review meeting on the Public Sector Development Program (PSDP), where CMIT presented its performance report.

CM Sarfraz Bugti expressed serious concern over reports of incomplete and substandard schemes, calling for immediate corrective measures.

The CM underscored the sanctity of public resources. "Every single rupee of public funds is a trust of the people, and substandard projects will not be tolerated under any circumstances," he declared.

He warned that officers and contractors responsible for negligence or misuse of funds would face strict disciplinary action, and that the accountability process would be made more rigorous and transparent.

Sarfraz reiterated that the provincial government is committed to protecting public interests and will not allow any compromise on the quality or integrity of development initiatives.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 30 SEP 2025 Page No. 20


## عوامی مسائل کا حل اور پسماندہ علاقوں کی ترقی ترجیح ہے، سردار کھیتران

**حکومت عوامی فلاح وبہبود کیلئے اقدامات کررہی ہے، بارکھان کا دورہ، عوامی مسائل سنے**

بارکھان (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے عوامی رابطہ مہم کے تحت بارکھان کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مقامی معززین، قبائلی عمائدین اور شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل وتجاویز سنے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل کا حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ علاقوں کی ترقی ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ حکومت عوامی فلاح وبہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔ معززین وقبائلی شخصیات نے صوبائی وزیر کے اقدامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے انہیں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دریں اثناء سردار عبدالرحمن کھیتران نے اپنے دورہ بارکھان کے دوران مختلف تمن داروں، عمائدین اور عوامی وفود سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں مقامی سطح پر درپیش مسائل، انتظامی امور اور ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفود نے علاقے میں تعلیم، صحت، پینے کے پانی اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے حوالے سے مطالبات پیش کیے، جنہیں صوبائی وزیر نے غور سے سنا۔ اس موقع پر سردار عبدالرحمن کھیتران نے متعلقہ محکموں کے حکام کو فوری نوعیت کے مسائل کے حل کے لیے احکامات جاری کیے اور مؤثر فالواپ کی ہدایت دی۔

## ہر شہری تک معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی کا عہد کیا جائے، نور محمد دمڑ

**بلوچستان میں خوراک کی کمی کو دور کرنے اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے حکومت سنجیدہ اقدامات کررہی ہے، پیغام**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان ورہنما پاکستان مسلم لیگ ن، حاجی نور محمد دمڑ نے 29 ستمبر عالمی یوم خوراک کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ خوراک انسانی زندگی کی بقا اور معاشرتی استحکام کی بنیادی ضرورت ہے۔ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ صوبے کے ہر شہری تک معیاری اور محفوظ خوراک کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خوراک کی کمی کو دور کرنے اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے حکومت سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔ صوبائی محکمہ خوراک عوام کو اشیائے خوردونوش مناسب نرخوں پر فراہم کرنے، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کررہا ہے۔ حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ خوراک کی قلت اور غذائی مسائل کا مقابلہ کرنے کے لیے پائیدار زرعی اصلاحات، جدید طریقہ کاشتکاری اور کسانوں کی معاونت ناگزیر ہے۔

## حکومت عوامی سہولت اور آسانی کیلئے اقدامات کررہی ہے، سردار ڈومکی

**سبی میں علیحدہ نادرا سینٹر کے قیام سے خواتین کو آسانی میسر آئے گی، افتتاح کے موقع پر خطاب**

سبی (خ ن) صوبائی وزیر صنعت وحرفت سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت عوامی سہولت اور آسانی کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے، خواتین کو شناختی کارڈ اور دیگر دستاویزات کے حصول میں درپیش مسائل کے حل کے لیے سبی میں خواتین کے لیے علیحدہ نادرا سینٹر کا قیام اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبی میں خواتین کے لیے مختص نادرا سینٹر کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ صوبائی وزیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ماضی میں خواتین اور مرد ایک ہی سینٹر میں گھنٹوں انتظار کرنے پر مجبور ہوتے تھے، رش کی وجہ سے نہ صرف وقت ضائع ہوتا بلکہ خواتین کو مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ انہی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے انہوں نے اعلیٰ حکام سے سفارش کی اور نادرا کے چیئرمین سے باضابطہ طور پر درخواست کی، جس کے نتیجے میں خواتین کے لیے علیحدہ سینٹر کی منظوری دی گئی اور آج یہ سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے خواتین کو بے حد آسانی میسر آئے گی، ان کا قیمتی وقت بچے گا اور وہ ایک باعزت ماحول میں اپنی شناختی دستاویزات حاصل کرسکیں گی۔ صوبائی وزیر نے ضلعی انتظامیہ سبی بالخصوص ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کا خصوصی شکریہ ادا کیا جنہوں نے سینٹر کے قیام کے لیے ہر سطح پر بھرپور تعاون فراہم کیا۔


MASHRIQ QUETTA


# ریکوڈک پراجیکٹ معدنیات کے شعبہ کا نمایاں مشعل بردار ہے، وزیر پٹرولیم

**پاکستان فیصلہ کن طور پر معدنیات کے شعبہ میں جدید ترین، مشینی اور ذمہ دارانہ کان کنی کی طرف منتقل ہو رہا ہے**

**حکومت سرمایہ کاروں کو مستحکم اور سازگار ماحول فراہم کرے گی، علی پرویز ملک کی فن لینڈ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو**

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان فیصلہ کن طور پر معدنیات کے شعبہ میں جدید ترین، مشینی اور ذمہ دارانہ کان کنی کی......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر


طرف منتقل ہو رہا ہے، حکومت نے معدنی فریم ورک کے ذریعہ ریگولیٹری سیٹ اپ کو ہم آہنگ اور اپ ڈیٹ کیا ہے تاکہ پاکستان کی کان کنی عالمی سطح پر مسابقتی بن سکے۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے یہ بات فن لینڈ کے وفد سے ملاقات کے دوران کہی جس کی قیادت پاکستان میں فن لینڈ کے سفیر ہنوریپائی نے کی۔ وفد میں معدنیات کی پراسیسنگ کی صنعت میں آلات اور خدمات فراہم کرنے والے عالمی رہنما ادارے میٹسو کی صدر پیا کرہو اور فن لینڈ میں پاکستان کے اعزازی قونصل جنرل ولی ایرولا شامل تھے۔ اجلاس میں معدنیات کے شعبے میں پاکستان کے تبدیلی کے ایجنڈے، سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع اور بین الاقوامی تعاون پر بات چیت کی گئی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 30 SEP 2025 Page No. 21


# اکتوبر کا مہینہ کھیلوں کی سرگرمیوں کے نام کیا ہے، مینا مجید بلوچ

[illegible]

[illegible]

# عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، میر سلیم کھوسہ

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، صوبائی حکومت عوام کے ساتھ کیے گئے وعدوں کی تکمیل کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے

مہنگائی اور بے روزگاری کے خاتمے کیلئے جامع حکمت عملی ترتیب دی گئی ہے، عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن کوششیں جاری ہیں

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 SEP 2025 Page No. 22


# بلوچستان اسمبلی، مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے نفاذ، حب کو ڈویژن بنانے، تمپ اور مند کو ضلع بنانے کی قرارداد منظور

کثیر آبادی کے لحاظ سے دو اضلاع حب، ڈویژن، تمپ اور تحصیل مند آبادی اور انتظامی طور پر مطلوبہ معیار پر پورا اترتے ہیں

[illegible]

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے [illegible]

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 SEP 2025 Page No. 23


## بوستان اکنامک زون خطے کی تقدیر بدلنے میں کردار ادا کریگا، کمشنر کوئٹہ

**ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھ رہی ہے، شاہزیب کاکڑ اور بلال کاکڑ کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بوستان اسپیشل اکنامک زون صوبہ بلوچستان میں صنعتی ومعاشی ترقی کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے اور یہ منصوبہ مستقبل قریب میں خطے کی تقدیر بدلنے میں مرکزی کردار ادا کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سیکرٹری انڈسٹریز محمد خالد سرپرہ کے ہمراہ بوستان اسپیشل اکنامک زون کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر پشین منصور احمد قاضی، ڈائریکٹر اسپیشل اکنامک زونز آصف کھوسہ سمیت دیگر اعلیٰ افسران اور مقامی قبائلی عمائدین بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران مقامی قبائل کے نمائندوں کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں علاقے میں زمینوں کی الاٹمنٹ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ زمینوں کی الاٹمنٹ کے معاملات کو شفاف اور منصفانہ طریقے سے حل کیا جائے گا اور مقامی قبائل کو اعتماد میں لے کر مسائل کے حل کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بوستان اسپیشل اکنامک زون میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھ رہی ہے اور یہاں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے منصوبے شروع ہو رہے ہیں۔

## بلوچستان ہائیکورٹ کا گیس کی طویل لوڈشیڈنگ پر اظہار برہمی

**چیف سیکرٹری بلوچستان، جی ایم سوئی گیس کمپنی اور وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری کو نوٹسز جاری**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل بینچ نے صوبے میں سوئی گیس کی طویل لوڈ شیڈنگ پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان، جی ایم سوئی گیس کمپنی اور وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے انہیں اگلی سماعت پر عدالت میں طلب کرلیا ہے۔ عدالت نے یہ حکم سید نذیر آغا ایڈووکیٹ کی جانب سے کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں سوئی گیس کمپنی کی جانب سے سوئی گیس کی طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف دائر درخواست کی سماعت کے دوران جاری کیے۔ سماعت کے دوران سید نذیر آغا ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ سوئی گیس کمپنی نے صوبہ بھر طویل لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ جس سے صارفین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ اس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں کوئی فیکٹری نہیں ہے پھر بھی یہاں کے عوام کو گیس محروم رکھا جارہا ہے۔ عدالت نے کہا کہ گیس کی پیداوار بلوچستان سے حاصل ہوتی ہے۔

## مختلف اضلاع میں انتظامیہ اور اینٹی نارکوٹکس فورس کا منشیات کیخلاف آپریشن

**1570 کاشت شدہ چرس و دیگر منشیات کا خاتمہ کردیا، 125 ایکڑ رقبے پر پھیلی منشیات کی فصل کو ختم کیا جاچکا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبے کے مختلف اضلاع میں ضلعی انتظامیہ اور ریجنل ڈائریکٹوریٹ اینٹی نارکوٹکس فورس بلوچستان کا منشیات کے خلاف آپریشن مجموعی طور پر 1570 ایکڑ رقبے پر کاشت شدہ چرس و دیگر منشیات کا خاتمہ کردیا تفصیلات کے مطابق محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی ہدایت کی روشنی میں صوبے کے مختلف اضلاع میں ضلعی انتظامیہ نے ریجنل ڈائریکٹوریٹ اینٹی نارکوٹکس فورس بلوچستان کا مشترکہ آپریشن۔ دکی میں 6.8 ایکڑ رقبے پر کارروائی کی گئی جہاں کوئی مقدمہ درج نہیں ہوا۔ ضلع لورالائی کے علاقے نالی اعظم، تحصیل میختر میں 113 ایکڑ رقبے پر پھیلی ہوئی منشیات کی فصل کو تباہ کیا گیا جس کے بعد مجموعی طور پر 125.2 ایکڑ رقبے پر پھیلی ہوئی منشیات کے فصل کو ختم کیا جا چکا ہے۔ یہاں کارروائی میں 2 ٹریکٹر استعمال ہوئے جبکہ کوئی گرفتاری یا ایف آئی آر درج نہیں ہوئی۔ ضلع چمن میں 125 ایکڑ رقبے پر کاشت شدہ چرس ختم کردی گئی اور 4 ایف آئی آر درج ہوئیں۔ ضلع پشین میں 194 ایکڑ رقبے پر پھیلی ہوئی منشیات کی فصل کو تلف کیا گیا جبکہ 7 ایف آئی آر درج ہوئیں۔ ضلع قلات میں 130 ایکڑ رقبے پر کارروائی کی گئی لیکن کوئی مقدمہ درج نہیں ہوا ضلع قلعہ عبداللہ میں آپریشن تیسرے روز بھی جاری رہا۔ کاشی دوبندی، تاشربت، ایسنا اور زیمال/اکبری ایسنا (برکت) سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کے دوران 198 ایکڑ رقبے پر پھیلی ہوئی منشیات کی فصل کو تباہ کیا گیا جن میں سے 120 ایکڑ پانی کی کمی کے باعث خود بخود برباد ہو گئے جبکہ 78 ایکڑ اے این ایف ٹیم نے تلف کیے۔ اس ضلع میں اب تک مجموعی طور پر 1289 ایکڑ کا خاتمہ کیا جاچکا ہے۔ آج مزید 2 ایف آئی آر درج ہوئیں جس کے بعد مجموعی تعداد 6 ہوگئی ہے۔ کارروائی میں 10 ویڈی سائیڈ اسپرے مشینیں، 4 گراس کٹر مشینیں اور 2 ٹریکٹر استعمال ہوئے۔ ضلعی انتظامیہ اور اے این ایف حکام کے مطابق یہ مہم صوبے کو منشیات کی کاشت سے پاک کرنے کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ جدید مشینری اور مربوط حکمت عملی کے تحت یہ آپریشن آئندہ دنوں میں مزید تیز کیا جائے گا تاکہ بلوچستان کو منشیات سے پاک کیا جاسکے۔

## لورالائی: پولیو مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ضلعی کمیٹی کا اجلاس

**64 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائینگے، ڈی ایچ او، والدین تعاون کریں، ڈپٹی کمشنر**

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی میں 13 اکتوبر سے شروع ہونے والی قومی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی زیر صدارت ہوا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحلیم اوتمانخیل نے بریفنگ دی اور کہا کہ 64400 بچوں کو قطرے پلائیں جائیں گے ڈپٹی کمشنر لورالائی نے کہا کہ پولیو ایک مہلک بیماری ہے جس کے مکمل خاتمے کے لیے ہر فرد کو اپنی قومی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی انہوں نے کہا کہ مہم کے دوران ٹیمیں گھر گھر جاکر بچوں کو قطرے پلائیں تاکہ کوئی بچہ قطرے پینے سے محروم نہ رہ جائے والدین مہم میں محکمہ صحت سے بھرپور تعاون کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 30 SEP 2025 Page No. 24

# سنگین قومی معاشی مسائل کے حل کی خاطر مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہو چکی ہے، چمن کے عمائدین

## ڈیورنڈ لائن پر آمد ورفت وتجارت ماضی کی مانند شناختی کارڈ اور تذکرے کے تحت بحال کی جائے، صوبائی صدر

## حکومت اپنے اعلانات پر عمل درآمد کو یقینی بنائے، چمن میں آل پارٹیز قومی جرگہ کے رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس

چمن (محمد اصغر اچکزئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے چمن پریس کلب باچا خان ہال میں آل پارٹیز قومی جرگہ کے رہنماں جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع پشتون خوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان پشتونخواہ نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر اسد اللہ خان زیرے نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کے صوبائی پریس سیکرٹری جاوید خان افغان پشتون تحفظ موومنٹ کور کمیٹی ممبر فدا احمد قبائل الزی اتحاد کے سیکرٹری حاجی غوث اللہ انجمن تاجران کے جمال شاہ احمد خان نیشنل پارٹی کے فدا محمد سول سوسائٹی کے نمائندے بشیر احمد عبدالرزاق چمن بار کونسل کے عنایت اللہ خان ایڈووکیٹ گرینڈ الائنس کے صوبت خان اچکزئی کے ہمراہ ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی اس پر مسرت موقع پر جب تمام سیاسی مذہبی قوم دوست قوتیں پشتون اولس بالخصوص چمن کے عوام کو درپیش سنگین قومی معاشی مسائل کے حل کی خاطر اپنی تمام تر سیاسی نظریاتی اختلاف رائے کو ایک طرف رکھتے ہوئے مشترکہ جدوجہد کیلئے متفق ومتحد ہو کر آپ کے سامنے تشریف فرما ہے۔

# بلوچستان عوامی پارٹی صوبائی حکومت کی اہم اتحادی ہے، دھنیش کمار

## ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، سینیٹر

## صوبائی حکومت کے خلاف من گھڑت بیانات مجھ سے منسوب کرنا درست نہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سینیٹر دھنیش کمار نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میرے نام سے بعض میڈیا پلیٹ فارمز پر بلوچستان کی صوبائی حکومت کے خلاف من گھڑت بیانات منسوب کیے جا رہے ہیں یہ وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ میں نے ایسا کوئی بیان نہیں دیا ہے اور نہ ہی اس حوالے سے مجھ سے کوئی بات کی گئی ہے۔ یہ خبر من گھڑت اور حقائق کے بالکل منافی ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی صوبائی حکومت کی اہم اتحادی ہے اور .......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کارکردگی سے مطمئن ہیں میری سیاست اور بیانات ہمیشہ پارٹی پالیسی، ادارہ جاتی وقار اور بلوچستان کے عوام کے وسیع تر مفاد کو سامنے رکھ کر دیے جاتے ہیں۔ بے بنیاد خبریں پھیلانے والے عناصر سے غیر مصدقہ اور جھوٹی اطلاعات کی اشاعت سے گریز کریں۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان کے قومی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے، لشکری رئیسانی

## مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تحفظات برقرار ہیں، سیاسی کارکنوں کو چوکنا رہنے کا پیغام

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن جماعتیں اپنے ذاتی مفاد کو قومی مفاد کیلئے قربان کرکے مائنز اینڈ منرلز کے حوالے سے ہونے والی نئی قانون سازی میں بلوچستان کے تاریخی قومی حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنائیں، قومی حقوق پامال ہونے پر اس کیخلاف پھر سے صوبے میں سیاسی مزاحمت ہوگی، قانون میں بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

آج اور آئندہ نسلوں کے دفاع کیلئے سیاسی کارکن اپنے علمی اداروں میں چوکنا رہیں یہ بات انہوں نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر اعتراضات اور خدشات دور کرنے اور ایکٹ کا ازسرنو جائزہ لینے کیلئے پیر کو منظور ہونے والی قرارداد کے حوالے سے اپنے بیان میں کہی ہے انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے بلوچستان میں پھیلی ہوئی بے چینی کو کم کرنے کیلئے صوبائی اسمبلی بلوچستان کے قومی اور تاریخی حقوق کے تحفظ کیلئے اپنا کردار ادا کرے، سیاسی جماعتیں اصولاً اپنے ووٹرز کی امین ہوتی ہیں مگر یہاں اس قانون کے پاس ہونے سے بلوچستان کے لوگوں کو بہت زیادہ نقصان ہوا اور صوبے میں بے چینی اور نفرت کے نئے دروازے کھلے، نئے قانون سازی میں بلوچستان کے قومی حقوق کا مکمل تحفظ کیا جائے۔ انہوں نے سیاسی کارکنوں کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ سیاسی کارکن اپنی آئندہ نسلوں کے دفاع کیلئے اپنے علمی اداروں میں چوکنا رہیں تاکہ یہ قانون بلوچستان کے آج اور آئندہ نسلوں کے حقوق کا دفاع کرے۔

Century Express Quetta

# بارڈر بند کر کے مسائل نہ پیدا کیے جائیں، جان محمد بلیدی

## بلاوجہ بارڈر بند کر کے لوگوں کے روزگار کے ساتھ مذاق کیا جا رہا ہے، گفتگو

تربت (پ ر) بارڈر کی بندش کسی صورت قبول نہیں بلاجواز بارڈر کو بند کر کے مسائل پیدا نہ کیے جائیں۔ بلوچستان خصوصاً مکران کے عوام کا نان ونفقہ بارڈر کاروبار سے منسلک ہے، بارڈر کمیٹی کے مطالبات کے ساتھ ہیں ضرورت پڑی تو بھرپور احتجاج کا بھی فیصلہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی اور نیشنل پارٹی کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری میر حمل بلوچ اور میر بہار بلوچ سے بارڈر کمیٹی کے وفد نے ملا سلیم، حاجی نیاز احمد شہے زئی، پزیر احمد، مولانا محمد اکرم کی سربراہی میں ملاقات میں۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کاروبار کو قانونی و آئینی تحفظ فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی وجہ کے بغیر بارڈر کو بار بار بند کر کے (باقی صفحہ 5 نمبر 44)

(باقی صفحہ 5 نمبر 44)

لوگوں کے روزگار کے ساتھ مذاق کیا جا رہا ہے سرحدی کاروبار یہاں پر بسنے والے عوام کا آئینی و قانونی حق ہے دنیا بھر میں سرحدوں پر آباد آبادی کو ایک دوسرے کے ساتھ کاروبار کی مکمل آزادی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بارڈر کاروبار کو قانونی و آئینی تحفظ فراہم کر کے کاروبار کو درپیش مسائل کو حل کرنے کی ضرورت ہے اور بلاجواز چیک پوسٹ کو بھی ختم کر کے عوام کے مشکلات کو ختم کرنے کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے۔

# لاکھوں افراد کا ذریعہ معاش بارڈر سے وابستہ ہے، قادر لونی

## چمن کے وفد کے ہمراہ اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے ملاقات، درپیش مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کی سربراہی میں وفد جس میں ضلعی کنوینر چمن امین اللہ خان اچکزئی، حاجی محمد یونس نے بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ملاقات کی اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ چمن کے بارڈر کی بندش سے مقامی آبادی کو غربت، مہنگائی اور بے روزگاری نے نرغے میں لے رکھا ہے محرومی اور بدحالی بلوچستان کا مقدر بن چکا ہے لاکھوں افراد کا ذریعہ روزگار و معاش بارڈر سے منسلک ہے انہوں نے کہا کہ چمن کے عوام کو درپیش مسائل، بدامنی اور بیروزگاری کی خاتمے اور بارڈر کی بندش (باقی صفحہ 6 نمبر 50)

(باقی صفحہ 6 نمبر 50)

کے حوالے سے حکومت کردار ادا کرے انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی جان ومال اور عزت وآبرو کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے عوام کے جان ومال کے تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری بنتی ہے اس موقع پر اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے جمعیت نظریاتی کے وفد کو یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ جلد اتحادیوں کے ساتھ مل کر مسائل حل کریں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 2

Dated: 30 SEP 2025 Page No. 5

# بلوچستان حکومت میں ہمیں زبردستی اتحادی بنایا گیا ہے، نواب چنگیز مری

## قیادت پر شدید تحفظات کا اظہار وزیر اعلیٰ کے خلاف کسی بھی تحریک کی حمایت کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما نواب چنگیز مری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلوچستان حکومت کے حوالے سے اہم انکشافات اور بیانات دیے۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ بلوچستان حکومت میں ہمیں زبردستی اتحادی بنایا گیا ہے ہماری مرضی شامل نہیں تھی نواب چنگیز مری نے موجودہ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی قیادت پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ رہے یا نہ رہے، اس بارے میں میں کچھ نہیں کہہ سکتا، مگر یہ ضرور کہوں گا کہ اگر ان کے خلاف کوئی تحریک آتی ہے تو مسلم لیگ (ن) اس کی حمایت کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں موجودہ حکومت کے خلاف پیپلز پارٹی کے دوستوں نے ہمت کر کے آواز اٹھائی ہے جبکہ ہم ن لیگی ارکان نے تاحال خاموشی اختیار کی ہوئی ہے۔ ہم نے اب تک آواز بلند کرنے کی ہمت نہیں کی، لیکن حالات جس نہج پر جا رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 3

Dated: 30 SEP 2025 Page No. 26


## MASHRIQ QUETTA

نوشکی (آن لائن) نوشکی پولیس [illegible]

## JANG QUETTA

### قلات: نیشنل ہائی وے پر حادثہ، دو لیویز اہلکار زخمی

قلات (نامہ نگار) قلات لیویز ذرائع کے مطابق نیشنل ہائی وے پر 25 [illegible] لیویز اہلکار [illegible] احمد اور عبداللہ دو زخمی اہلکاروں کو ٹیچنگ ہسپتال قلات منتقل کر دیا گیا ابتدائی طبی امداد کے بعد [illegible] عبداللہ [illegible] منتقل کیا گیا۔

## INTEKHAB QUETTA

### کوئٹہ سریاب روڈ سے لاش برآمد

کوئٹہ (آئی این پی) سریاب روڈ سے ایک شخص کی لاش برآمد، ریسکیو ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سریاب روڈ پر کیو ڈی اے دفتر کے قریب سے ایک شخص کی لاش ملی جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں اس کی شناخت [illegible] کے نام سے ہوئی ہے۔

### منگچر میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے شہری جاں بحق

منگچر (نامہ نگار) منگچر کے علاقے سیدان میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا لیویز ذرائع کے مطابق منگچر کی تحصیل گوارگو کے علاقے سیدان میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے شاکر ولد عبدالرشید نامی شخص جاں بحق ہو گیا لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کر دی گئی۔

### جیونی میں فائرنگ کا واقعہ ایک شخص جاں بحق

جیونی (نمائندہ انتخاب) گزشتہ شب تقریباً 10 بجے کے قریب کلانی ہور کے علاقے میں فائرنگ کا ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جس میں شفیق الرحمن نامی شخص جاں بحق ہو گئے۔ عینی شاہدین کے مطابق مقتول موٹر سائیکل پر سوار ہو کر تیل لینے جا رہے تھے کہ اچانک نامعلوم حملہ آوروں نے انہیں فائرنگ کا نشانہ بنایا۔ واقعے کے فوراً بعد شفیق الرحمن کی لاش کو سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں پوسٹ مارٹم کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی جائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 30 SEP 2025 Page No. 26


# شہر کی طرح نواحی علاقوں میں بھی ترقیاتی کام کرائے جائیں شہریوں کی اپیل

## بنیادی سہولیات کی فراہمی اور روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں، وحدت کالونی اور اسپنی روڈ کے مکینوں کا مطالبہ

### بلدیاتی انتخابات فوری طور پر کرائیں جائیں عمران ذاکر بلوچ، علاؤ الدین اور دیگر کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (امیر پارپورٹر) کوئٹہ کے شہر کے نواحی علاقے کنارہ کش، وی آئی پی علاقوں میں بڑے پیمانے پر حکومتی فنڈز خرچ ہو رہی ہے، نواحی علاقوں کے مکین خصوصا روزگار کی عدم فراہمی کے علاوہ دیگر بنیادی وسائل، بجلی پانی، صحت اور پختہ سڑکوں سے محروم ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان فوری طور پر کوئٹہ کے عوام کو روزگار دلانے کیساتھ ہی بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دیں بلوچستان کے عوام بے روزگاری کے آگ میں جل رہے ہیں اور ان میں مایوسی پھیل رہی ہے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے وحدت کالونی اور اسپنی روڈ کے متعدد علاقوں کے مکین عمران ذاکر بلوچ، علاؤ الدین دیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ کے علاوہ بلوچستان بھر میں بے روزگاری کی لہر میں انتہائی قیامت خیز اضافہ ہو چکا ہے، حکومتیں آتی ہیں مگر عوام کو روزگار کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہو کر اپنی مدت مکمل کر لیتی ہے، جبکہ دوری جانب وحدت کالونی سمیت جبل روڈ اور دیگر علاقوں کے مکین کہتے ہیں کہ کس چیز کا مطالبہ کرے روزگار، پانی بجلی پختہ سڑکوں یا دیگر وسائل ٹیکنیکل تعلیم وغیرہ کا انہوں نے بتایا کہ ہم صدیوں سے حکمرانوں کے ناقص پالیسیوں میں مصروف عمل ہے غریب غریب تر ہو رہا ہے امیر امیر تر ہو رہا ہے، یہی پالیسی روز اول سے آج 21 ویں صدی میں بھی اپنے عروج پر ہے، انہوں نے بتایا کہ وحدت کالونی میں عرصہ دراز سے صفائی کا انتظام انتہائی خراب ہے، گزشتہ 10 سالوں سے بلدیاتی انتخابات نہ ہونے کے باعث مختلف علاقوں میں سیوریج نظام درہم برہم۔ نالیوں کا پانی سڑکوں پر بہنے لگی آبادی بڑھنے کیساتھ ہی سیوریج کے سائز بڑھانے کی اشد ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری اور دیگر اعلیٰ حکام سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر فوری نوٹس لیکر کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر عوام احتجاج پر مجبور ہو نگے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 30 SEP 2025 Page No. 27

# Balochistan's growing security crisis

The security landscape in Balochistan has reached a point of alarming deterioration, morphing from a persistent challenge into a severe crisis of governance and public confidence. The recent concerns voiced by veteran politician and former Chief Minister, Mir Jan Muhammad Khan Jamali, during a party function in Quetta, underscore the gravity of the situation. His anxiety stating plainly that the law and order environment is "complicated" and that even leaders "could not move to their villages" is not just a political critique, but a reflection of the deep-seated fear permeating the lives of ordinary citizens.

The most tangible sign of this security vacuum is the condition of the province's vital arteries. Highways connecting key centers, such as Quetta with Bolan, Taftan, and Khuzdar, are now considered fundamentally unsafe. Where these roads once facilitated trade and movement, they now represent paths of peril, forcing travelers into a state of perpetual insecurity. The imposition of travel bans at night is a damning indictment of the state's failure to maintain basic writ, paralyzing economic and social life for a population already struggling with underdevelopment. When the main corridors of a province are compromised, the entire system is fundamentally broken.

Regrettably, the response from the current provincial government appears insufficient for a crisis of this magnitude. There is a palpable lack of proactive strategy aimed at both immediate stabilization and long-term resolution. While administrative and security operations have their place, they cannot, by themselves, resolve issues rooted in historical, economic, and political disenfranchisement. The essential failure lies in not creating the conducive atmosphere for dialogue, the prerequisite for a political solution that is now, more than ever, inevitable for restoring peace and normalcy.

As Mr. Jamali rightly pointed out, there must be a political solution to the issue of Balochistan. This is a consensus that transcends party lines. Merely improving security measures, while essential for the short term, addresses only the symptom. The root cause requires genuine political engagement, dialogue with all stakeholders, and a commitment to address the grievances that fuel the instability. The government must act decisively to improve the law and order situation, ensure the safety of the highways for all traffic and citizens, and, crucially, embrace a comprehensive political framework to heal the wounds of the province. Every day of delay risks further eroding the public's faith and complicating an already precarious situation. It is hoped that the incumbent provincial government would also consider other options to address the issue of Balochistan other than using force.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 3 Dated 30 SEP 2025 Page No. 22



# بلوچستان میں امن و امان کی صورت حال انتہائی پیچیدہ

















